| Roll No. | | | | | | | | | | | | Serial No. of Q. C. A. B. |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 54 ] [ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 24

Total No. of Questions : 54 ] [ Total No. of Printed Pages : 24

## ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು

## Code No. : 66-U Subject : Third Language — URDU

ದಿನಾಂಕ : 08. 04. 2011 ] [ Date : 08. 04. 2011

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ–1-15 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-30 A.M. to 1-15 P.M.

ಪರಮಾವಧಿ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

**FOR OFFICE USE ONLY**

| Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | | 14. | | 27. | | 40. | | 53. | |
| 2. | | 15. | | 28. | | 41. | | 54. | |
| 3. | | 16. | | 29. | | 42. | | × | |
| 4. | | 17. | | 30. | | 43. | | × | |
| 5. | | 18. | | 31. | | 44. | | × | |
| 6. | | 19. | | 32. | | 45. | | × | |
| 7. | | 20. | | 33. | | 46. | | × | |
| 8. | | 21. | | 34. | | 47. | | × | |
| 9. | | 22. | | 35. | | 48. | | × | |
| 10. | | 23. | | 36. | | 49. | | × | |
| 11. | | 24. | | 37. | | 50. | | × | |
| 12. | | 25. | | 38. | | 51. | | × | |
| 13. | | 26. | | 39. | | 52. | | × | |
| | | | | | | | | ***Total Marks*** | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| **Total Marks in words** | | | **Grand Total** | |
| 1. ✓ | | | | |
| 2. ✓ | | ✓ | ✓ | |
| *Signature of Evaluators* | *Registration No.* | *Signature of the Deputy Chief* | *Signature of the Room Invigilator* | |

[ Turn over

عام ہدایات :

(i سوال۔مع۔جواب کے کتابچہ میں معروضی (objective) اور موضوعی (subjective) قسم کے 54 سوالات ہیں۔

(ii ہر معروضی قسم کے سوال کے لئے جگہ مہیا کی گئی ہے۔آپکو صحیح جواب چُننا ہے اور مکمل جواب اسکے حرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہہ میں لکھنا ہے۔

(iii ہر موضوعی قسم کے سوال کے لئے کافی جگہہ مہیا کی گئی ہے۔آپکو سوالوں کے جواب اسی جگہہ میں لکھنا ہے۔

(iv معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھئے۔

(v پنسل سے جواب مت لکھئے۔پنسل سے لکھے ہوے جوابات کی جانچ نہیں کی جائے گی (سوائے گرافوں،ڈائگراموں اور میپوں کے)۔

(vi کثیرانتخابی (multiple choice)، خالی جگہوں کو پُر کرنا اور مناسب جوڑ لگانا کے سوالوں کی حالت میں کُھر چنے / دوبارہ لکھنے / نشان لگانے کی اجازت نہیں ہے،ایسا کرنے سے آپکا جواب جانچ کے لئے نااہل سمجھا جائیگا۔

(vii سوال پرچہ پڑھنے کے لئے '15' منٹ کا وقت الگ سے دیا جائیگا۔

I. ذیل کے ہر سوال / نامکمل بیان کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ان میں سے ایک صحیح جواب چُنئے اور مکمل جواب اسکے حرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہہ میں لکھئے۔ 15 × 1 = 15

1. ’’یہ طبقہ حقیر نہیں بلکہ عزت و ہمدردی کے لائق ہے۔‘‘ یہ جملہ کس نے فرمایا؟

(A) حضرت علیؑ (B) حضرت موسیٰؑ

(C) حضرت محمدؐ (D) حضرت عیسیٰؑ

جواب : ____________________

2. دلاور علی نے کس کو چانٹا مارا ؟

(A) شیخ نجیب کو (B) افروز کو

(C) سرفراز کو (D) نوکر کو

جواب : ____________________

3. ''سلطانہ! واللہ اب تمہاری باتیں برداشت سے باہر ہوئی جاتی ہیں!'' یہ جملہ کس نے کہا؟

(A) مفتی (B) شیر علی

(C) جیبۃ خان (D) اکبر

جواب : ____________________

4. ''پینٹ برش'' کمپیوٹر میں کس کے لئے استعمال ہوتا ہے

(A) ڈیزائنس (B) آٹو کیڈ

(C) کورا ڈرا (D) فوٹوفنش

جواب : ____________________

5. لفظ ''شاہد'' کے معنی کیا ہیں؟

(A) شہید (B) گواہ

(C) شاندار (D) شامت

جواب : ____________________

6. گر ارض وسما کی محفل میں لولاک لما کا شور نہ ہو۔ اس شعر کا ثانی مصرعہ یہ ہے۔

(A) وہ راز ایک کملی والے نے بتلا دیا چند اشاروں میں

(B) یہ رنگ نہ ہو گلزاروں میں یہ نور نہ ہو سیاروں میں

(C) اک روز جھلکنے والی تھی دنیا کے سب درباروں میں

(D) وحدت کی تجلّی کوندگئی آفاق کے سینہ زاروں میں

جواب : ____________________

7. ان میں کون سی الطاف حسین حالؔی کی تصنیف نہیں ہے:

(A) حیات سعدی (B) حیات جاوید

(C) حیات شبلی (D) مقدمہ شعروشاعری

جواب : ____________________

8. وہ کون سا شاعر ہے جن کی ادبی خدمات اورقابلیت کے صلے میں سرکار نے انہیں خان صاحب سے نوازا؟

(A) ظفرعلی خان ظفؔر (B) محمد اسمٰعیل میرٹھی

(C) نظیؔر اکبرآبادی (D) میرتقی میؔر

جواب : ____________________

9. وہ کونسی ایسی صنفِ ادب ہے جس میں زندگی کے کسی ایک پہلو پر روشنی ڈالی جاتی ہے؟

(A) ڈرامہ (B) غزل

(C) افسانہ (D) ناول

جواب : ____________________

10. محاورہ ''کھری کھری سنانا'' کا مطلب کیا ہے

(A) آدھا سنانا (B) صاف صاف سنانا

(C) گیت سنانا (D) کھڑے ہوکر سنانا

جواب : ____________________

11. ان میں کونسا لفظ ہم قافیہ نہیں ہے؟

(A) جل (B) تھل

(C) جنگل (D) آسماں

جواب : ____________________

12. ''ڈرامہ'' کے معنٰی کیا ہیں؟

(A) کر کے دکھانا (B) بول کر دکھانا

(C) ناچ کر دکھانا (D) ڈرا کر دکھانا

جواب : ____________________

13. کمپیوٹر کے استعمال کے لحاظ سے کتنے پہلو ہیں؟

(A) چار (B) پانچ

(C) گیارہ (D) دو

جواب : ____________________

14. چاند بی بی پر کس نے حملہ کیا؟

(A) شیر علی (B) جیتہ خان

(C) مجمع (D) مفتی

جواب : ____________________

15. .......... اس نظم کو کہتے ہیں جس میں حضور اکرمؐ کی حیات اور سیرت کی توصیف کی جاتی ہے۔

(A) غزل (B) نعت

(C) حمد (D) رباعی

جواب : ____________________

II. مندرجہ ذیل کی خالی جگہوں کو پُر کیجئے: 5 × 1 = 5

16. آپؐ کی بہادری ____________ تھی۔

____________________

17. مقبول میاں دلاور علی کے سامنے ____________ طرح بیٹھے ہوئے تھے۔

____________________

18. سپاہی کا کام صرف لڑنا اور ____________ ہے۔

---

19. مرکب ''نکتہ ور'' لفظ کے معنی ____________ ہیں۔

---

20. ارکان کی تکرار سے جب کوئی خاص وزن پیدا ہوتا ہے تو اسے ____________ کہتے ہیں۔

---

III. 21. حصہ 'الف' اور حصہ 'ب' کا مناسب اور موزوں طور پر جوڑ لگائیے اور فراہم کی گئی جگہ پر صحیح جواب لکھئے: 5 × 1 = 5

| (الف) | | (ب) | |
|---|---|---|---|
| (i) | نگاہیں چرانا | (a) | بڑی شان والا |
| (ii) | نوکر | (b) | بے قراری |
| (iii) | جلیل القدر | (c) | آنکھ سے آنکھ نہ ملانا |
| (iv) | اکیلا چنا | (d) | آنکھ بند کرنا |
| (v) | اضطراب | (e) | نوکرانی |
| | | (f) | نہیں پھوڑ سکتا |

جواب : (i ____________

(ii ____________

(iii ____________

(iv ____________

(v ____________

IV. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھیے: 8 × 1 = 8

22. حضور اکرمؐ اکثر کیا دعا مانگا کرتے تھے؟

23. چاند بی بی کون تھی؟

24. مشہور و مقبول اُردو سافٹ ویئر کون کونسے ہیں؟

25. بیت الغزل کسے کہتے ہیں؟

26. شاعر نے اپنی زندگی کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے؟

27. اُستادِ سخن کس شاعر کو کہتے ہیں؟

28. شاعر پیا کے بغیر زندگی کیسے محسوس کرتا ہے؟

29. صبح زمانے میں کیا پھیلا رہی ہے؟

V. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھیے: 15 × 2 = 30

30. مقروض مسلمان کے بارے میں آپؐ کا کیا حکم تھا؟

31. شیخ نجیب احمد اپنی بیوی کے پاس کھڑے ہوکر کیوں گرج رہے تھے؟

32. شیرعلی مدافعت کو ناممکن کیوں سمجھ رہا تھا؟

33. جملہ انشائیہ کی تعریف کیجئے؟

34. قلعہ کے باہر سے کیسی آوازیں آ رہی تھیں؟

35. دورحاضرکوسائنسی دور کیوں کہا جاتا ہے؟

36. صبح کی آمد سے ماحول پر کیا اثر پڑتا ہے؟

.37 مطلع اور مقطع کی تعریف کیجئے ۔

.38 بحرِ مرکب کی تعریف کیجئے۔

39. تشبیہ کی تعریف کیجیے۔ ارکانِ تشبیہ کتنے ہیں؟

40. استعارہ کی تعریف کیجیے۔

41. رُباعی کی تعریف کیجئے۔

42. علمِ عروض اور تقطیع کی تعریف کیجئے۔

43. درج ذیل الفاظ کے مترادف لکھئے۔

i) فیاض = ____________________

____________________

ii) توہین = ____________________

____________________

44. درج ذیل الفاظ کے ضد لکھئے۔

i ) ظالم = ____________________

____________________

ii) عروج = ____________________

____________________

VI. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 5 × 3 = 15

ذیل کے اشعار کی تشریح کیجئے :

45. میرؔ ان نیم باز آنکھوں میں ساری مستی شراب کی سی ہے

____________________

____________________

____________________

____________________

46. پیاباج پیالا پیاجائے نا پیاباج اک تل جیاجائے نا

.47 کسی ایک کا تعارف لکھئے۔

i) قلی قطب شاہ

ii) سید سلیمان ندوی

متن کے حوالے سے وضاحت کرو :

.48 جان پدر، بدر کے یتیم اور صفہ کے مسافر تم سے زیادہ مستحق ہیں۔

49. نہیں! جب تک میں اسے کھری کھری نہ سناؤں چین نہیں آئے گا۔

50. کسی ایک نظم کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھیے : 4

(i) برکھا رُت

(ii) صبح کی آمد

51. ''نعت'' کے چار ابتدائی اشعار لکھئے۔ 4

52. اپنے والد کو ایک خط لکھئے جس میں سالانہ امتحان کی فیس کا ذکر ہو۔ 5

53. کسی ایک عنوان پر مختصر نوٹ لکھئے : 5

(i) ماحول کی آلودگی

(ii) ٹیلیویژن کے فائدے اور نقصانات

.54 درج ذیل عبارت کوغور سے پڑھئے اور اس کے نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات مختصراً لکھئے: 4 × 1 = 4

جب کوئی کام کرنے لگو تو پہلے بسم اللہ پڑھو، جب نماز کا وقت ہو جائے تو سارا کام چھوڑ دو، پہلے نماز پڑھو، نماز میں جلدی نہ کرو، کیونکہ یہ بات خدا کو پسند نہیں ہے۔ جو لوگ زکوٰۃ اور خیرات دیتے ہیں اور خدا کے نام پر خرچ کرتے ہیں ایسے لوگوں سے خدا بہت خوش ہوتا ہے۔ انہیں بڑا ثواب ملیگا۔ اپنے دوست سے ملو تو پہلے اسے سلام کرو۔ اگر وہ تمہارے گھر آئے تو اچھی جگہ بٹھاؤ۔ اس کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔ کسی سے لڑائی جھگڑا مت کرو، کیونکہ لڑنا جھگڑنا شریفوں کا کام نہیں۔

سوالات :

(i) کوئی کام شروع کرنے سے پہلے کیا کرنا چاہیئے؟

(ii) خدا کن لوگوں سے خوش ہوتا ہے؟

(iii) دوست ملے تو سب سے پہلے کیا کرنا چاہیئے؟

(iv) شریف لوگ کونسا کام نہیں کرتے ہیں؟